ترکی اور یورپین ممالک کے درمیان، یونان کے جزیروں پر 20 مارچ 2016 کے بعد آنے والے پناہ گزینوں کے بارے میں معاہدہ۔

ایک جائزہ

18 مارچ 2016 کو ترکی اور یورپین یونین کا بیان جو یورپی ممالک کے سربراہان اور حکومت کی جانب سے جاری کیا گیا تھا، **نہ تو کوئ قانون** ہے اور نہ ہی کسی نئے قانون کے لئے سفارشات ہیں۔

اس لیئے اس سے نہ تو یورپین قانون بدل سکتا ہے اور نہ ہی آپ کے حقوق۔ یہ صرف ایک طریقہ کہا جا سکتا ہے۔

یورپ اور ترکی کے معاہدے میں انسانی حقوق کے حوالے سے سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ یہ ایک مفروضے پے مبنی ہے جو ترکی کو پناہ گزینوں کے لئے ایک **محفوظ ملک** مانتا ہے۔ جب کے اس بات **کا کوئی ثبوت موجود نہیں، اور یہ یورپین قانون کے لحاظ سے غیر قانونی ہے۔** (خاص طور پے پناہ حاصل کرنے کے طریقہ 2013 کے آرٹیکل 35 اور 38) اور **دنیا کی انسانی حقوق کی 176 تنظیموں نے اس کی مخالفت کی ہے۔**

لہذا ترکی اور یورپ کے بیان میں جو طریقہ بتایا گیا ہے، ہمیں ہر کیس کو اس کے مطابق تیار کرنا ہے اور پھر اس کیس کو لڑنا ہے۔

عام سوالات اور ان کے جوابات

سوال : "میں ترکی سے یونان کے جزیرے پر آیا یا آئی ہوں - میرے کیس کا کیا ہو گا؟"

جواب: سب سے پہلے آپ کو رجسٹریشن کے کے لئے ایک جگہ جمع کیا جائے گا- تا کے آپ کی شہرت اور شناخت کا پتا لگایا جا سکے - اس کے ذریعے یونان میں آپ کے پناہ حق کا جائزہ لیا جائے گا -

سوال: " رجسٹریشن Registration میں کیا ہوتا ہے ؟"

جواب: سب سے پہلے آپ کی شہرت معلوم کی جاتی ہے اور آپ کے انگلیوں کے نشان لئے جاتے ہیں- تاکہ **یورپ میں آپ کے داخلے کا ریکارڈ یوروڈیک (Eurodac)** میں رکھا جائے -

آپ کی شہرت معلوم کرنے کے لئے فرونٹیکس (Frontex) اور پولیس مل کر کام کرتے ہے- اگر آپ کے پاس اپنی شہرت ثابت کرنے کے کاغذات نہیں ہیں تو پھر آپ سے آپ کے ملک کی زبان، جغرافیہ، تاریخ، اور رسم و رواج کے بارے میں کچھ سوال کے جائے گے- تا کہ اس بات کا صحیح فیصلہ ہو سکے کہ آپ جس ملک سے اپنا تعلّق بتا رہے ہیں، وہ صحیح ہے-

چودہ سال سے کم عمر بچوں کے انگلیوں کے نشان نہیں لئے جاتے-

"اس کے بعد کیا ہو گا"؟

جواب: اس کے بعد **(Reception And Identification Centre) استقبالیہ اور شناخت دفتر** اپنی کاروائی شروع کرتا ہے -

اس کے درج ذیل مرحلے ہیں:

- آپ کے نام ، عمر اور جنس کا ریکارڈ-

- ریکارڈ کی درستگی-
- آپ کی صحت کیسی ہے-
- آپ کی عمر کی درستگی-
- اسی مقام پے آپ کے پناہ کے درخواست کا ارادہ معلوم کیا جائے گا-
- آپ کے خاندان یا آپ کے کیس کے ساتھ جڑے لوگوں کی رجسٹریشن جن کا کیس اکٹھے سنا جائے-
- وہ لوگ جن کو کسی قسم کا کوئی خطرہ ہے ، بھی اسی جگہ پے ریکارڈ کے جایئں گے-
- **اگر آپ 18سال سے کم عمر ایک نا بالغ بچہ ہیں تو یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنی صحیح عمر لکھوائیں-**
- آپ کی شہرت یا ملک بھی اسے جگہ ریکارڈ کیا جائے گا لہذا یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اسی جگہ اپنے کاغذات میں اپنا صحیح ملک ریکارڈ یا درج کروا دیں —

اس بات کا اطمینان کر لیں کہ متعلقہ حکام آپ کے بارے میں جو معلومات ریکارڈ کر رہے ہیں وہ صحیح ہیں- ایسی کسی چیز پر دستخط مت کریں جس کا مطلب آپ نہیں سمجھتے-

اگر آپ 18سال سے کم عمر ایک نا بالغ بچہ ہیں تو یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنی صحیح عمر لکھوائیں- اور اس پر اصرار کریں کہ آپ کے کاغذات میں پہلے ہی مرحلے میں آپ کی صحیح عمر لکھی جائے کیونکہ بعد میں اس کی درستگی تقریبا" نا ممکن ہے-

اگر آپ کی رجسٹریشن کی معلومات غلط ہیں تو آپ کے کیس میں دیر ہو سکتے ہے -اور اس سے آپ کو کافی مشکلات ہو سکتی ہیں - اگر آپ کو اپنی زبان بولنے والے مترجم کی ضرورت ہے تو آپ اس کی درخواست دے سکتے ہیں-

آپ کو مترجم مہیا کیا جانا چاہیے-

رجسٹریشن انٹرویو ایسی کسی زبان میں نہ دیں جو آپ کو نہ آتی ہو-

اسی جگہ پے آپ کو پولیس سے رجسٹریشن کے کاغذات دے جایئں گے- ان کاغذات کو سمبھال کے رکھیں - یہ کسی صورت گم نہی ہونے چاہیئں- ان کی کاپیاں بنا لیں ، تصویر کھینچ لیں اور اپنے آپ کو ای میل کر لیں تا کہ اگر کاغذات کہیں گم ہو جایئں تو کم از کم ای میل میں اس کی کاپی ہو- اور آپ وہاں سے اس کو پرنٹ کر سکتے ہیں-

سوال: "مجھے (Registration Centre) یا استقبالیہ اور شناخت مرکز میں کیوں رکھا جا رہا ہے ؟"

جواب: ترکی اور یورپی ممالک کے درمیان ایک نیا طریقہ وضع کیا گیا ہے جس کے مطابق اگر بہت سے پناہ گزین کہیں آ جایئں تو حکّام کی مدد کے لئے درج ذیل مرحلوں سے گزرنا ہوگا -

۱. ایسے لوگوں کی نشاندہی جو پناہ گزین نہ بننا چاہتے ہوں اور انکو واپس انکے ملک بھیجا جا سکے -
۲- ایسے لوگ جن کے لئے ترکی ایک محفوظ ملک ہے، انھیں وہاں زبردستی واپس بھیجا جا سکے-
۳- یہ فیصلہ کیا جا سکے کہ آپ کا کیس یونان میں عام طریقے سے یا تیز طریقے سے آگے بڑھایا جائے گا-

سوال:" کیا مجھے استقبالیہ اور شناخت مرکز میں رکنا ہو گا؟"

جواب: یونانی اور بینالاقوامی قانون کے مطابق وہ تمام افراد جن کو (Detention Centre) **استقبالیہ اور شناخت مرکز** میں روکا گیا ہو، جن میں عام تارکین وطن اور پناہ گزین شامل ہیں، انکو **ان کی اپنی زبان میں انھیں وہاں روکنے کی وجہ ، انکے حقوق بشمول انکو وہاں روکنے کے خلاف قانونی چارا جوئی ، اور اس کے لئے قانونی مدد کے بارے میں** بتایا جائے گا-

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ اس نظر بندی کے فیصلے کے خلاف صدر یا مطعلقہ عدالت کے پہلے درجے کے اس علاقے کے جج کی عدالت میں ، درخواست دیں، جہاں آپ کو نظربند کیا گیا ہے-

استقبالیہ اور شناخت مرکز میں روکنے کی چند وجوہات:

- درخواست گزار کی شہریت یا اصل شناخت معلوم کی جائے-
- کہیں درخواست گزار سے ملک کی سیکورٹی یا نقص امن کا تو کوئی خطرہ نہیں؟
- اگر کسی کو ڈیٹینشن سنٹر میں روکنا ضروری ہو تو اسکے کیس کا جلد سے جلد فیصلہ کیا جائے-
- تاکہ آپ وہاں سے گم نہ ہو سکیں-

سوال:" مجھے استقبالیہ اور شناخت مرکز میں کتنی دیر روکا جائے گا؟"

جواب: آپ کو میں روکنے کا دورانیہ درج ذیل عناصر پے منحصر ہے:

آپ کو اس وجہ سے زیادہ وقت لگ سکتا ہے اگر جزیروں میں بہت زیادہ لوگ ہوں، یا ان کی رجسٹریشن میں دیر لگ رہی ہو یا **استقبالیہ اور شناخت مرکز** کے باہر لوگوں کے رکھنے کے لئے جگہ کا انتظام نہ ہو -

آپ کو وہاں 45 دن سے لے کر 18 مہینے تک رکھا جا سکتا ہے، جس کا انحصار آپ کی نظر بندی کی وجوہات اور جزیروں پے صورت حال پر ہے-

اگر اپ نے پناہ کی درخواست اس وقت دی ہے جب آپ کسی جرم کی وجہ سے حراست میں ہیں تو آپ کو نظربندی میں ہی رہنا ہوگا-

- **وہ لوگ جن کو کوئی خطرہ لاحق ہو** ، انھیں ڈیٹینشن سنٹر میں نہی رکھا جائے گا اور خاص طور پے زیادہ دنوں کے لئے تو بلکل نہی رکھا جا سکتا لیکن حقیقت میں دیکھا گیا ہے کہ ایسے لوگوں کو معمول سے زیادہ دنوں کے لئے رکھا گیا ہے- جس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے رہنے کے لئے مناسب جگہ کا انتظام یا وسائل موجود نہیں ہیں-ان میں ایسے لوگ بھی شامل ہیں جو اکیلے بچے ہوں جن کے ساتھ کوئی بڑا شخص موجود نہیں ، جن کو اس لئے ڈیٹینشن سنٹر میں رکھا گیا ہو کہ وہ بچوں کے لئے مخصوص جگہ جانے کے انتظار میں ہوں-

- اگر نابالغ بچوں کو وہاں رکھنا ضروری ہو تو ان کو بالغوں سے علیحدہ رکھا جانا چاہیئے-
- یہ آپ کا حق ہے کہ آپ کو تمام باتیں آپ کی اپنی زبان میں بتائ جائیں - اگر ایسا نہ ہو رہا ہو تو اس پر اصرار کریں-
- قانون کے مطابق عورتوں کو مردوں سے علیحدہ رکھا جانا چاہئے-
- جن عورتوں کو بچہ ہونے والا ہو یا جنھوں نے پچھلے تین مہینے میں بچّے کو جنم دیا ہو، ایسی عورتوں کو ڈیٹینشن سنٹر Detention Centreمیں نہیں رکھا جا سکتا-
- طبّی امداد آپ کا قانونی حق ہے-
- آپ کو اپنے کیس کے فیصلے کے خلاف مقدمے یا درخواست کا حق ہے- اور قانونی مدد آپ کا حق ہے-

سوال: "میں کس موقع پر بتا سکتا یا سکتی ہوں کہ مجھے کوئی خطرہ ہے؟"

جواب: اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو کوئی خطرہ ہے تو جلد سے جلد اور رجسٹریشن کے پہلے موقع پر ہی یہ بتا دیں -

اگر آپ کے پاس اس کا کوئی کاغذی ثبوت ہے یا آپ کے جسم پے تشدّد کے نشان ہیں یا کوئی نفسیاتی بیماری ہے تو حکّام کو دکھا دیں لیکن اپنے پاس اس کی کاپی ضرور رکھیں-

سوال: کن لوگوں کو مانا جاتا ہے کہ انھیں کوئی خطرہ لاحق ہے؟

جواب:

- وہ نا بالغ بچّے جن کے ساتھ ان کا کوئی اپنا بڑا نہ ہو-
- ایسے افراد جن کو کوئی معذوری ہو یا کوئی خطرناک بیماری ہو
- عمر رسیدہ لوگ جن کی عمر 65 سال سے زیادہ ہو
- حاملہ عورتیں جن کو بچہ ہونے والا ہو یا جنھوں نے پچھلے تین ماہ میں بچے کو جنم دیا ہو
- . صرف ماں یا صرف باپ کے ساتھ 18 سال سے کم عمر بچے ہوں
- ایسے لوگ جن کے ساتھ تشدّد کیا گیا ہو یا جن عورتوں کی عزت لوٹی گیئ ہو یا کوئی نفسیاتی دباؤ کیا گیا ہو یا جسمانی طور پے ان سے انکی مرضی کے خلاف کوئی زیادتی کی گئ ہو –
- ایسے افراد جو کسی خطرناک حادثے سے دوچار ہو چکے ہوں خاص طور پر جو کسی بحری جہاز کے حادثے سے گزرے ہوں -

- ایسے افراد جن کو جبری مشقت کے لئے غلام رکھا گیا ہو

کسی کیس میں شک شبہ کے صورت میں

EASO

خود اپنے ماہرین کے ذریعے اس بات کا اندازہ لگا سکتا ہے کہ کسی کو خطرہ ہے یا نہیں -

آپ بھی Medicin Sans Frontier ، وکلاء ، نفسیاتی ماہرین وغیرہ سے کارکردگی کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں -

اسی جگہ پر جہاں آپ کی رجسٹریشن ہو رہی ہو، آپ نے بتانا ہوگا کہ آپ اپنے خاندان (شوہر، بیوی یا اٹھارہ سال سے کم عمر بچوں) سے دور ہیں اور ان کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں۔ جو یا تو یونان میں مقیم ہوں یا کسی اور یورپین ملک میں رہتے ہوں- (خاندان کا اکٹھا ہونا)

سوال: اس کے بعد کیا ہوگا؟

جواب:
آپ کو یونان کی مہاجرین کی تنظیم کے پاس اندراج کی تاریخ دی جائے گی جہاں آپ اپنے پناہ کے دعوے کی درخواست جمع کروایئں گے- اسی موقعے پر آپ کو اندراج یا رجسٹریشن کا کارڈ دیا جائے گا- ہر فرد کو کسی نہ کسی مرحلے پے انٹرویو کا موقع ملے گا لیکن اس بات کا انحصار آپ کی اصلی شہریت والے ملک سے ہے کہ آپ کو کس انٹرویو کے لئے موقع ملے گا، اور یہ کہ ترکی میں آپ کی قانونی حثیت کیا ہے ، اور کیا یورپ کے کسی ملک میں آپ کا خاندان رہتا ہے یا آپ کو کسی قسم کا کوئی خطرہ لاحق ہے ؟

اس بات کا جاننا بہت ضروری ہے کہ آپ نے کونسے انٹرویو یا ملاقات کے لئے جانا ہے تہ کہ آپ اس کی اچھی طرح تیاری کرلیں -

'داخلے ' کا انٹرویو یا بیان اس بات کا اندازہ لگانے کے لئے ہے کہ آپ ترکی میں کن حالات میں ہیں اور ترکی آپ کے لئے ایک محفوظ ملک کیوں نہیں ہے؟ یہ انٹرویو EASO کرتی ہے -

دوسرا انٹرویو یا بیان آپ کے پناہ کے دعوے کے حقداری کا بیان ہے جس میں یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ آپ کو یونان میں پناہ مل سکتی ہے کہ نہیں- یہ بیان یونان کی مہاجرین کی تنظیم ریکارڈ کرے گی -

ہو سکتا ہے کے آپ کے دونو انٹرویو یا بیان یا ملاقاتیں ایک ہی دن میں ہوں -

نیچے دیے گئے چارٹ کی مدد سے یہ بتایا گیا ہے کہ آپ کو کس قسم کا انٹرویو مل سکتا ہے۔

1.2

ترکی اور یورپین یونین کے درمیان معاہدے کے بیان کے وجہ سے یونان کے جزیروں پے موجود لوگوں کو بارڈر یعنی سرحد پے چھانٹی کرنے کا طریقہ



یہ چارٹ اس انٹرنیٹ لنک پے موجود ہے:

http://bit.ly/2nqVrPi

یہ چارٹ یونان کی تنظیم برائے مہاجرین کے مئی 2017

سے لیا گیا ہے۔

۱- ٪ 25 سے زیادہ شامی اور غیر شامی لوگوں کا یورپ میں پناہ کا دعویٰ کامیاب ہوتا ہے * - ایسے لوگوں کو ایک داخلی بیان یا انٹرویو کے ذریعے اس بات پر پرکھا جاتا ہے کہ کیا ترکی ان کی واپسی کے لئے ایک محفوظ ملک ہے یا نہیں - آجکل اپریل ۲۰۱۷ کے بعد سے داخلے کا انٹرویو اور پناہ کے دعوے کا انٹرویو ایک ہی دن کر لیا جاتا ہے - ہمارے خیال میں اس سے کیس تیزی سے آگے بڑھنے میں مدد ملتی ہے- اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے ایک دن میں دو انٹرویو کی تیاری کرنی ہے- پہلا انٹرویو جو داخلے کا انٹرویو ہو گا اس میں یہ دیکھا جائے گا کہ کیا آپ کی واپسی کے لئے ترکی ایک محفوظ ملک ہے اور اگر یہ فیصلہ ہو جائے کہ آپ کا پناہ کا دعویٰ سنا جا سکتا ہے تو پھر آپ کا دوسرا انٹرویو ہو گا جس میں یہ معلوم کیا جائے گا کہ آپکا کیس یونان میں پناہ کے لئے سنا جا سکتا ہے یا نہیں- اس میں آپ سے پوچھا جائے گا کہ آپ کے ساتھ آپ کے ملک میں کیا ہوا تھا اور آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت کیوں ہے-

۲- غیر شامی لوگوں کے دعوے کی کامیابی بھی ٪25 ہے (یورپین اوسط) - آپ سے صرف یونان میں تحفظ حاصل کرنے کے دعوے کے متعلق سوال کے جایئں گے اور ایسے لوگوں کا پہلا انٹرویو نہیں ہو گا.

اس انٹرویو، بیان یا ملاقات کی تیاری کے لئے معلومات نیچے دے گئے انٹرنیٹ لنک پر موجود ہیں :

www.refucomm.org

یاد رہے کہ ایسے لوگ جن کو کوئی خطرہ لاحق ہو اور وہ ڈبلن ۳ خاندان کے ملاپ کے زمرے میں آتے ہوں، ان لوگوں پے یہ نیا طریقہ لاگو نہی ہوگا- ایسے لوگ پرانے اور عام طریقے سے ہی دیکھے- جایئں گے -

صاف الفاظ میں ایسے لوگوں کے کیس کو یونان نہ کہ ترکی میں ہی سنا جائے گا –

ڈبلن میں ہونے والے خاندان کے ملاپ کا طریقہ

خاندانی ملاپ والے کیس یا معاملات:

جب آپ یونان میں ایک پناہ گزین کے طور پر پوری طرح سے رجسٹر ہو جایئں گے اور اگر آپ کے خاندان کا کوئی شخص یا رشتدار کسی دوسرے یوروپی ملک میں قانونی طور پی مقیم ہو، تو پھر آپ کی درخواست ڈبلن ۳ کے قانون کے تحت ، خود بخود اس ملک میں بھیج دی جائے گی - فلحال خاندان سے ملاپ والے کیس داخلے کے لئے موزوں سمجھے جا رہے ہیں چاہے ترکی ان کے لئے ایک محفوظ ملک ہے یا نہیں ، لیکن یہ صورتحال کسی بھی وقت بدل سکتی ہے-

بد قسمتی سے خاندان کے ملاپ کا قانون کا اطلاق صرف قریبی خاندان پے ہوتا ہے جیسے شوہر یا بیوی، ماں ، باپ یا ۱۸ سال سے کم عمر بچے- صرف اس صورت میں اس خاندان کے علاوہ رشتہ داروں کو خاندان کے ملاپ کے تحت پرکھا جاتا ہے جن کو کوئی خطرہ ہو اور انھیں کسی قریبی رشہ دار کی ضرورت ہو جو ان کا خیال رکھ سکے-

اگر آپ کا پناہ کا دعویٰ سنا جا رہا ہے اور آپ کے خاندان کا کوئی فرد کسی دوسرے یوروپی ملک میں ہے تو پھر یہ اس ملک کی ذمّداری ہے کہ وہ آپ کے پناہ کے دعوے کو پرکھے- نہ کہ یونان میں -اور پھر آپ کو اس ملک میں بھیج دیا جائے گا تا کہ معاملے کی کروائی مکمّل ہو سکے-

یونان کی پناہ کی تنظیم کا یہ فرض ہے کہ اگر آپ کا کیس خاندانی سے ملاپ سے تعلّق رکھتا ہے تو وہ آپ کا کیس اس ملک میں بھیج دے - لیکن یاد رہے کہ اس کا **زیادہ سے زیادہ وقت آپ کی رجسٹریشن کے بعد تین مہینے** ہے-اس کے بعد ڈبلن ۳ کے قانون کے مطابق، یونان خود بخود آپ کی پناہ کی درخواست کا ذمّدار ہو جاتا ہے اور پھر آپ کو ڈبلن ۳ کے خاندان کے ملاپ کے تحت کسی دوسرے یوروپی ملک نہی بھیجا جا سکتا- ہو سکتا ہے کہ اس کے بعد بھی کسی دوسرے قانونی نکتے کے تحت آپ کو خاندان سے ملاپ ہو جائے لیکن یہ ایک بہت مشکل اور لمبا طریقہ ہے- لہٰذا یہ بہت ضروری ہے کہ اگر ڈبلن ۳ کے تحت آپ کا کسی دوسرے یوروپی ملک میں خاندان سے ملاپ کا کوئی دعویٰ ہے تو پہلے تین مہینے کے اندر اندر آپ یونان کی مہاجرین کی تنظیم کو اس بات کی اطلاع دے دیں یا بتا دیں کہ آپ کا کوئی قریبی رشدادار کسی دوسرے یوروپی ملک میں قانونی طور پی مقیم ہے-

خاندان کے ملاپ کے بارے میں مزید معلومات یہاں دی ہوئی ہیں -

ہر شخص (عورت یا مرد) کو پناہ کا حق حاصل ہے، چاہے اس کا تعلق کسی بھی ملک سے ہو-

سوال: "اگر میرا داخلے کی چھانٹی یا پناہ کے حقدار کا دعویٰ مسترد ہو جائے تو کیا میں اس کے خلاف درخواست دے سکتا ہوں؟"

جواب: اگر آپ کے خلاف فیصلہ ہو جائے تو آپ کو اس کے خلاف درخواست دینی چاہیے-اپنی درخواست دائر کرنے کے لئے آپ کو اپنے مقامی پناہ کے دفتر جا کر ایک فارم بھرنا ہو گا - اگر آپ کو نظر بندی میں رکھا گیا ہے تو آپ ایک وکیل کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں- جو آپ کی درخواست دائر کرے-

بلکل مفت قانونی مدد حاصل کرنا آپ کا حق ہے-اس کے لئے یونان اور یورپ کے پناہ کے دفتر کے پناہ کے دفتر EASO کے پاس وکیلوں کے نام موجود ہیں - اس کے علاوہ بہت سے تنظیمیں آپ کی مدد کر سکتی ہیں جن کی تفاصیل یہاں موجود ہیں-

چونکہ آپ کے پاس اپنی درخواست دائر کرنے کے لئے بہت کم وقت ہوتا ہے، اور پناہ سے متعلق وکیل بہت کم ہیں، اس لئے آپ کو وکیل ڈھونڈنے میں دشواری ہو سکتی ہے- اگر آپ کو وکیل ڈھونڈھنے میں دیر لگ رہی ہو تو ہمارے خیال میں آپ کو فوراً اپنی درخواست خود دائر کرنی چاہیے- اور اس کے بعد پناہ کے معاملات میں کسی ماہر وکیل کو ڈھونڈنا چاہیے-

اگر آپ وکیل ملنے سے پہلے اپنے فیصلے کے خلاف خود درخواست دائر کر رہے ہیں تو آپ کو فارم پر کم از کم ایک وجہ ضرور لکھنی ہو گی--

آپ کی درخواست میں آپ اپنے فیصلے کے خلاف شدید شکوک کا اظہار لکھ سکتے ہیں کہ آپ کا چھانٹی یا داخلے کا انٹرویو یا بیان صحیح طور پر غیر جانبدارانہ طریقے سے نہی پرکھا گیا- یا اگر آپ کو مترجم حاصل کرنے میں کوئی دشواری ہوئی یا آپ کو وہ فراہم نہی کیا گیا. یا آپ

کو بعد میں احساس ہوا کہ آپ کا بیان صحیح طور پر مکمّل نہی تھا- اور آپ کے پاس اپنے دعوے کے حق میں کوئی نیا ثبوت موجود ہے- یا اگر آپ نے کوئ نئ دستاویزات یا تصاویر حاصل کی ہیں جو آپ کے پناہ کے دعوے میں مددگار ہو سکتی ہیں-

قانونی طور پر آپ کو اپنے فیصلے کے خلاف درخواست کی تاریخ، جگہ اور آپ کے تمام حقوق آپ کی اپنی زبان میں بتاے جانے چاہیئں-

آپ کی درخواست کی کاروائی کے دوران آپ کسی بھی موقے پر اپنی درخواست واپس لے سکتے ہیں- لیکن آپ کے حق میں یہ بہتر ہے کہ پہلے آپ کسی وکیل سے مشورہ کر لیں- جو آپ کو اپنی درخواست واپس لینے کے سارے امور بتا دے- اور اس سے ہونے والے تمام نقصان سے آپ کو تفصیل سے اگاہ کر دے-

یہ آپ کا قانونی حق ہے کہ آپ کو اپنے کیس کے بارے میں ساری معلومات بلکل مفت فراہم کی جایئں- اگر آپ یہ مانگتے ہیں تو- عام طور پے یہ موجود نہیں ہوتی لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ حاصل کرنا آپ کا حق ہے- لہذا یہ جب تک نہ ملیں، آپ مسلسل اس کے لئے اصرار کرتے رہیں-

سوال: کیا مجھے جزیروں کو چھوڑ کر یونان کی سر زمین پے جانے کی اجازت ملے گی ؟

جواب: عام طور پے آپ کو جزیرے پر ہی رہنا ہو گا **اور جزیرے کو بغیر اجازت نہیں چھوڑا جا سکتا-** اگر آپ جزیرے کو چھوڑ کر یونان کی سر زمین پے گئے تو وہاں آپ کو 'غیر قانونی' تصوّر کیا جائے گا **اور** وہاں آپ پناہ کے لئے نہ تو درخواست دے سکتے ہیں اور نہ ہی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں، نہ خاندان سے ملاپ کا طریقہ اختیار کر سکتے ہیں. نہ وہاں رہنے لے لئے جگہ کی درخواست دے سکتے ہیں، نہ ہے طبّی امداد یا پڑھنے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں اور نہ ہی نقد رقم کے حقدار ہو سکتے ہیں اور وہاں آپ کو غیر قانونی ہونے کے جرم میں حوالات میں بند کیا جا سکتا ہے **اور** پھر آپ کو واپس جزیروں میں بھیج دیا جائے گا-

لیکن بعض لوگوں کے کسی خاص وجہ سے یہ اجازت دی گیئ ہے جیسے کہ اگر کسی کو کوئی خطرہ ہو یا اکیلے بچوں کو جزیروں کو چھوڑ کر یونان کی سر زمین جانے کی اجازت دی جا سکتی ہے- ایسے لوگ جو اجازت لے کر یونان کی سر زمین گئے ہوں، انھیں وہاں اپنا بیان ریکارڈ کروانے، انٹرویو، خاندان سے ملاپ کی درخواست، وغیرہ ڈبلن ۳ کے تحت حاصل ہونگی- لیکن وہاں جانے لے لئے یہ **ضروری** ہے کہ آپ اجازت نامہ لے کر جایئں جس میں یہ لکھا ہوگا کہ "آپ کو کہیں بھی جانے کی اجازت ہے اور اس کے وجہ سے آپ کو نہیں کیا جا سکتا-" اور نہ ہی آپ کے کاغذات واپس لئے جا سکتے ہیں - بہت ضروری ہے کہ اجازت ملنے کہ بعد آپ اپنا پناہ ڈیپورٹ کا کارڈ ساتھ لے کر جایئں-

اگر آپ کو اجازت نہی ملتی تو آپ کے لئے جزیروں پے رہنا لازمی ہے-

انٹرویو، یا ملاقات کی تیاری

جب تک آپ اپنے انٹرویو یا ملاقات کا انتظار کر رہے ہیں تو یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اس ملاقات کے لئے تیاری کر لیں- اور تمام قانونی معلومات حاصل کرنے اور مدد کی تمام سہولتیں حاصل کرنے میں اپنا وقت استعمال کریں-

داخلے کے انٹرویو یا ملاقات کی تیاری کے لئے انٹرنیٹ کے ذریعے اس لنک پر جایئں:

مزید معلومات کے لئے یہاں کلک کریں- اگر جزیروں پے آنے کے بعد، آپ کا داخلے کا انٹرویو ہو چکا ہے اور آپ کا پناہ کا دعوٰی بھی سنا جا سکتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ یونان میں آپ کے پناہ کے دعوے کی ملاقات بھی اسی دن ہو جائے-درج ذیل سے آپ کو اس سلسلے میں مدد مل سکتی ہے –

اپنے داخلی انٹرویو کے بارے میں تفصیلات:

اس کے علاوہ آپ کی مدد کے لیئے ایک دستاویزی فلم یہاں دی ہوئ ہے-

اپنی مدد آپ کے اصول کا یہ رہنما کتابچہ اپنے انٹرویو یا ملاقات کی تیاری کے بارے میں ہے-

آپ اپنا پہلے سے لکھا ہوا بیان اپنے انٹرویو یا ملاقات میں جمع کروا سکتے ہیں - یونان کی مہاجرین کی تنظیم نے ایسا کوے بیان ساتھ لانے کو نہی کہا لیکن آپ اپنے دعوے کے حق میں کوئی بھی ثبوت یا دستاویز جمع کروا سکتے ہیں-

اگر آپ اپنا پہلے سے لکھا ہوا بیان جمع کروانا چاہتے ہیں تو انٹرویو کے شروع میں کروا دیں تاکہ بیان لینے والے اس میں سے آپ سے سوال کر سکیں-

بیان ریکارڈ کرواتے وقت پہلے سے لکھ ہوئے بیان میں سے دیکھ کر یا اپنی مدد کے لئے کسی یاد دہانی والے کاغذ سے دیکھ کر نہ پڑھیں کیوں کہ اس سے آپ کے کیس کی صداقت کے بارے میں غلط اثر لیا جا سکتا ہے- پہلے سے لکھا ہوا بیان ضروری نہی ، یہ صرف ایک اضافی عمل ہے جو آپ کی مرضی پے ہے-

اپنے کیس کی صداقت ثابت کرنا بہت ضروری ہے لہذا بلکل آرام سے سارے سوالوں کے جواب کھل کر اور فوراً بتایئں- اپنی کہانی یا واقعات بلکل صحیح طریقے سے سچ سچ بتانا بھی آپ کی صداقت ثابت کرنے کے لئے ضروری ہے- ان پانچ رہنما اصولوں کو یاد رکھیں- کیا؟ کب؟ کہاں؟ کس

سے شدید نے ؟ کیوں؟ پناہ کے ہر دعوے اور ہر ظلم یا شدید چوٹ کی وجہ یا مثال بتانا ضروری ہے تاکہ یہ پتا چلے کہ آپ کو کیا خوف ہے یا کس خطرہ ہے اور کس وجہ سے ہے- بیان لینے والے کو بلکل صحیح طور پی بتایئں کہ کیا ہوا تھا ، کب، کہاں، کس نے ، کس کو، اور آپ کیوں یہ سمجھتے ہیں کہ اس نے آپ کے ساتھ ایسا کیوں کیا ، یا آپ کے رشتدار یا دوست کے ساتھ کیا گیا- اور آپ کو کس بات کا خوف ہے -

بیان لینے والے سے آنکھ ملا کر بات کریں جیسے آپ عام طور پی کسی بھی عام حالت میں کسی ایسے شخص سے بات کرتے ہیں- جس پے آپ کو اعتماد ہے- چاہے آپ کو بیان لینے والے پی اعتبار نہ بھی ہو، لیکن پھر بھی آپ کی بہتری اسی میں ہے کہ آپ اس سے ایسے بات کریں جیسے آپ کو اس پر مکمل اعتبار ہے-

آپ کوا اپنا بیان لینے والے کو وہ سب کچھ بتانا ہوگا جو آپ کے داخلے اور پناہ کے حق سے متعلق ہو- چاہے وہ وہ آپ سے پوچھے یا نہ پوچھے- یہ آپ کا انٹرویو ہے اور یہ آپ کے لئے سب کچھ بتانے اور بینالاقوامی تحفظ کا حقدار ثابت کرنے کا بہترین موقعہ ہے -آپ جتنا وقت چاہے لے سکتے ہیں اور کچھ لوگوں کا بیان تو ایک سے زیادہ دن بھی چلتا ہے -آپ جتنا زیادہ سے زیادہ حقائق پی مبنی بیان دیں گے جو داخلے کے اصولوں پی پورا اترتا ہو، آپ کے دعوے کی سچائ ثابت ہونے کی اتنی ہی امید ہے-

انٹرویو یا ملاقات کی تیاری، اور کسی بھی بات سے پہلے، اپنی پہلی ترجیح بنا لیں۔

سوال: اگر میں اپنے ملک واپس جانا چاہوں تو؟

جواب: کچھ ممالک کے لوگ اگر اپنے ملک یا ترکی واپس جانا چاہیں تو اپنی مرضی سے واپس جا سکتے ہیں۔ لیکن یہ فیصلہ اچھی طرح سوچ سمجھ کر کریں کیونکہ سکتا ہے کے آپ کی واپسی کی درخواست اتنی تیزی سے منظور ہو جائے کہ اگر آپ اپنا فیصلہ بدلنا چاہیں تو آپ کو اس کا موقعہ ملنے سے پہلے ہی آپ کی درخواست منظور ہو چکی ہو گی۔

اگر آپ یونان میں پناہ حاصل کرنے کے آہستہ طریقے سے مایوس ہو گئے ہیں یا استقبالی مرکز میں رہنے کے سہولیات اچھی نہیں ہیں، تو اس صورت میں اچھے طرح سے اپنے لائحہ عمل پے غور کر لیں کہ مستقبل میں آپ کو کیا کرنا ہے۔ اگر آپ کو داخلے کی اجازت نہی ملی تو، دل چھوٹا مت کریں، یا ترکی واپس جانے کا مت سوچیں جب تک آپ اس کے خلاف درخواست نہ دے دیں اور کوئی قانونی مدد حاصل نہ ہو جائے۔ ایسا بہت مرتبہ ہوا ہے کہ پہلے کسی کو داخلے کی اجازت نہی ملی لیکن اس فیصلے کے خلاف درخواست دینے کے بعد وہ کامیاب ہو گیا۔ اگر اپنے اچھی طرح سوچ سمجھ کے اپنی مرضی سے واپسی کا فیصلہ کیا ہے تو

IOM

سے ملاقات کریں۔

اپنی مرضی سے واپسی کی تفصیلات یہاں دی ہوئ ہیں۔ تا کہ آپ کی واپسی کا بندو بست ہو سکے۔

اپنی مرضی سے واپسی کا فیصلہ کرنے سے پہلے براہ مہربانی خوب اچھی طرح سوچ لیں اور ہر طرح کی معلومات حاصل کر لیں کہ آپ کے پاس مستقبل میں کیا کیا راستہ موجود ہے

آپ کو اس انٹرنیٹ لنک پر ایک دستاویز ملے گی جو شامی لوگوں کہ لئے لکھی گیے ہے کہ انھیں ترکی واپسی سے پہلے کیا کچھ سوچنا چاہیے
۔

سوال: مجھے اپنے ملک یا ترکی واپس جانے پے مجبور کیا جا رہا ہے۔ میں اس کی اطلاع کہاں دے سکتا ہوں؟

جواب:

Returnwatch

نامی تنظیم لوگوں کی واپسی کی معلومات جمع کرتی ہے- جس میں وہ لوگ شامل ہیں جن کو واپسی پر مجبور کیا جا رہا ہو- تا کہ وہ متعلقہ حکام کی جواب طلبی کر سکیں- براہ مہربانی نیچے دے ہوئے انٹرنیٹ لنک پر جایئں-

https://returnwatch.org/

آپ ہمارے دستوں سے بھی بات کر سکتے ہیں جن کی تفصیلات یہاں ہیں-

سوال: میں جزیروں سے متعلق خاص طریقوں کے بارے میں کہاں سے معلومات حاصل کر سکتا ہوں؟

جواب:

ہر جزیرے اور یونان کے علاقے میں ایک حفاظتی تنظیم موجود ہے جس کو اقوام متحدّہ کی تنظیم برائے مہاجرین نے بنایا ہے - اس کے علاوہ ہر علاقے میں ایک غیر سرکاری تنظیم بھی قائم کی گئی ہے جس کو قانونی مدد دینے کے لئے پیسے بھی فراہم کیئے گئے ہیں- اگر آپ استقبالیہ مرکز میں پتہ کریں تو وہ آپ کو اس کا پتہ بتا دیں گے-

(ڈنمارک کی مہاجرین کی DRC میٹادراسی یا Metadrasi قانونی مدد فراہم کرنے کی اولین تنظیم جو ایک غیر سرکاری ادارہ ہے، تنظیم) یا یونان کی مہاجرین کی تنظیم ہے- ان میں سے کسی بھی تنظیم کا ہونا اس بات پی منحصر ہے کہ آپ کہاں پر ہیں-

ریفوکوم سے بھی پوچھ سکتے ہیں - ہم یونان میں موجود تمام غیر سرکاری تنظیموں کی فہرست تیّار Refucomm اس سلسلے میں آپ کر رہے ہیں-اور ان کو بعد میں یہاں لکھ دیں گے-

براہ مہربانی یہ یاد رکھیں کہ اس دستاویز میں موجود تمام معلومات اس بات پر مبنی ہیں کہ "یونانی اور یوروپی قانون کے مطابق کیا ہونا چاہیے" جیسے کہ یونان کے مہاجرین کی تنظیم اس کو سمجھتی ہے-لیکن ایسا ہوا ہے کہ بعض اوقات یہ طریقے صحیح طرح سے نہیں پورے کے گئے-

یہ بات یاد رہے کہ آپ کے کیس کے بارے میں تمام معلومات حاصل کرنا آپ کا حق ہے-لیکن اس

کے لیئے آپ کو ہاٹ سپاٹ

Hotspot

پر موجود

یونان یا یورپ کی پناہ کی تنظیم EASO اور GAS

یا پولیس سے پوچھنا ہو گا۔

-تاکہ وہ آپ کو کسی وکیل سے رابطہ کروا دیں جو آپ کو تمام ضروری معلومات فراہم کر سکتا ہو۔

اگر آپ کوئ بات نہ سمجھ آئ ہو تو

ہم سے رابطے کے لئے

www.refucomm.org

پر جایئں اور ہمیں ای میل کرنے کے لئے اس پتے پر لکھیں:

refucomm@gmail.com